فوری ریلیز کے لیے: 2023/5/5 **گورنر *KATHY HOCHUL***

***تباہ کن حاری طوفان کے رونما ہونے والے اثرات کے سبب، عوامی تحفظ کی منصوبہ بندی کی کوششوں میں بہتری لانے کی خاطر گورنر HOCHUL کا سمندری طوفان میں انخلاء کے لیے ایک نئے مطالعے کا اعلان***

***قومی پروگرام برائے سمندری طوفان کی مالی اعانت سے کیے جانے والے اس مطالعے میں حاری طوفانوں سے متاثر ہونے کے سب سے زیادہ خطرات سے دوچار علاقوں بشمول نیو یارک شہر، لانگ آئی لینڈ، اور زیریں مڈ ہڈسن کے خطوں پر توجہ مرکوز کی جائے گی***

***پیش رفت میں اہم شراکت دار جیسا کہ وفاقی ایجنسی برائے ہنگامی انتظامات، امریکی آرمی کی انجینیئرنگ کور، قومی مرکز برائے سمندری طوفان اور ہنگامی انتظامات کی مقامی ایجنسیاں شامل ہیں***

***ریاستِ نیو یارک میں سمندری طوفان میں انخلاء کا آخری مطالعہ 2009 میں، سینڈی، آئیرین، لی اور آئیڈا سمیت تباہ کن حاری طوفانوں سے قبل کیا گیا تھا؛ یہ مطالعہ اضافی خطروں جیسا کہ سیلابوں اور بگولوں کے خلاف منصوبہ بندی کا بھی تجزیہ کرے گا***

گورنر Kathy Hochul نے آج سمندری طوفان میں انخلاء کے لیے ایک نئے مطالعے کا اعلان کیا ہے جو تباہ کن حاری طوفانوں سے متاثر ہونے کے خطروں سے دوچار نیو یارک شہر، لانگ آئی لینڈ اور زیریں مڈ ہڈسن میں عوامی تحفظ کو بہتر بنائے گا۔ ریاستِ نیو یارک کا ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ہنگامی خدمات یہ مطالعہ وفاقی ایجنسی برائے ہنگامی انتظامات، U.S آرمی کی انجینیئرنگ کور، قومی مرکز برائے سمندری طوفان اور ہنگامی انتظامات کی مقامی ایجنسیوں کے ہمراہ شراکت داری میں نیو یارک شہر، لانگ آئی لینڈ کی نساؤ اور سافک کاؤنٹیز اور ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی میں کرے گا۔ تباہ کن حاری طوفان سے نمٹنے کے لیے منصوبہ بندیوں بشمول حاری طوفانوں سے وابستہ ممکنہ خطرات جیسا کہ سیلاب اور بگولے وغیرہ، پناہ گاہ کے وسائل اور نقل و حرکت کے مسائل، اور اس کے ساتھ ہی ساتھ دیگر ڈیموگرافک و سماجی و معاشی عناصر میں بہتری کے لیے ریاست کا تازہ ترین HES استعمال کیا جائے گا۔ 2009 کے بعد سے سمندری طوفان میں انخلاء کے حوالے سے یہ ریاست بھر میں منعقد ہونے والا پہلا مطالعہ ہے۔

"نیو یارک کے باشندگان ان تباہ کن اثرات کو بہت اچھی طرح سے جانتے ہیں جو حاری طوفان اور سمندری طوفان، مڈ ہڈسن سے لے کر لانگ آئی لینڈ کے مشرقی سرے تک اور اس کے درمیان ہر جگہ پر موجود ہماری ساحلی اور اندرونی کمیونٹیز پر چھوڑ سکتے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "میری اوّلین ترجیح نیو یارک کے باشندگان کو محفوظ رکھنا ہے، اور ہم یہ یقینی بنانے کے لیے کہ ہماری کمیونٹیز اور ان کے ہنگامی منتظمین کے پاس مستقبل کے طوفانوں کے خلاف تیار رہنے کے لیے درکار معلومات، وسائل اور آلات موجود ہیں، اپنی وفاقی اور مقامی حکومتوں کے ہمراہ مل کر کام کریں گے۔"

اس ہفتے کے آغاز میں، گورنر Hochul اور قومی مرکز برائے سمندری طوفان نے ریاستِ نیو یارک میں سمندری طوفان کی تیاری کا ہفتہ منانے کا اعلان کیا تھا، جو 30 اپریل سے 6 مئی تک جاری رہے گا۔ سالانہ مہم نیو یارک کے باشندگان کو یاد دلاتی ہے کہ وہ ہنگامی صورتحال کے لیے ذاتی تیاری کے منصوبوں کا جائزہ لیں اور بحرِ اوقیانوس میں سمندری طوفانوں کے موسم سے قبل حاری طوفانوں اور ان کے اثرات کے خلاف پیشگی معلومات حاصل کریں۔

**ریاستِ نیو یارک میں ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ہنگامی خدمات کے کمشنر Jackie Bray نے کہا کہ،** "سمندری اور حاری طوفان وہ سنگین واقعات ہوتے ہیں جو ساحلی پٹی اور اندرون میں سیلاب اور خطرناک حد تک تیز ہواؤں کا سبب ہوتے ہیں جن کا اکثر نتیجہ زندگیوں کے نقصان اور اہم بنیادی ڈھانچوں کی تباہی، بڑے پیمانے پر بجلی کی فراہمی منقطع ہونے اور کمیونٹیز کے تہ و بالا ہونے کی صورت میں نکلتا ہے۔ آئندہ کچھ سالوں کے دوران ہم، ہنگامی خدمات کے مقامی منتظمین کے ساتھ مل کر کام کریں گے تاکہ انخلاء کے راستوں اور ان منصوبوں کو تازہ ترین کیا جا سکے جو کسی خطرناک حاری طوفان کی آمد کی صورت میں آپ کو محفوظ رکھ سکے۔"

قومی پروگرام برائے سمندری طوفان، جس میں USACE، FEMA اور NHC شامل ہیں، سمندری طوفان میں انخلاء کے اس مطالعے کے لیے فنڈنگ فراہم کرے گا۔ DHSES کا دفتر برائے ہنگامی انتظامات تمام متعلقہ وفاقی و مقامی حکومتی شراکت داروں کے ہمراہ مطالعے کے پہلے دو مراحل کا، جن میں خطرہ اور کمزوریوں کا تجزیہ شامل ہیں، حال ہی میں آغاز کر چکا ہے۔ آئندہ موسمِ خزاں تک مطالعے کے ان مراحل کی تکمیل متوقع ہے۔

**FEMA ریجن 2 کے ایڈمنسٹریٹر David Warrington نے کہا کہ،** "FEMA، ریاست بھر میں سمندری طوفان میں انخلاء کے مطالعے کو تازہ ترین رکھنے کی اہمیت کا ادراک رکھتا ہے۔ ہمیں خوشی ہے کہ ہم مقامی اور ریاستی ہنگامی انتظام کاروں کی معاونت میں کردار ادا کر رہے ہیں تاکہ وہ اپنی کمیونٹیز کے لیے مبنی بر معلومات فیصلے کر سکیں۔ ہم مستقبل کے طوفانوں کے لیے تیاری کی ان کی کوششوں میں معاونت جاری رکھیں گے کیونکہ ایسے کاموں کی تکمیل تمام سرکاری سطحوں پر شراکت داریوں کی متقاضی ہوتی ہیے۔"

**امریکی آرمی کی انجینیئرنگ کور، نیو یارک ڈسٹرکٹ کے کمانڈر، کرنل Matthew Luzzatto نے کہا کہ،** "نیو یارک ڈسٹرکٹ کو خوشی ہے کہ وہ ریاستِ نیو یارک کے لیے اس نئے مطالعے کی کوششوں میں معاونت کر رہا ہے تاکہ یہ یقینی بنانے کے لیے ضروری معلومات فراہم کی جا سکیں کہ ریاستِ نیو یارک کے رہائشی مستقبل کے سمندری اور حاری طوفانوں کے لیے تیار ہیں۔ اس طرح کی بڑے پیمانے پر کی جانے والی کوششوں پر عمل درآمد میں شراکت داری کلیدی نکتہ ہوتی ہے اور میں ریاست نیو یارک اور FEMA کی صورت میں موجود اپنے شراکت داروں کے ہمراہ کام جاری رکھنے کے لیے تیار ہوں تاکہ سمندری طوفان میں انخلاء اور موسم کی دیگر تباہ کاریوں کے واقعات سے جڑی خطے کو درپیش سخت ترین مشکلات میں سے ایک کو حل کیا جا سکے۔"

**نیو یارک شہر کے میئر Eric Adams نے کہا کہ،** "ہم جانتے ہیں کہ موسم کی تباہ کاریاں جیسا کہ سمندری طوفان جیسے واقعات زیادہ شدت، زیادہ تباہ کاری اور زیادہ تسلسل کے ساتھ رونما ہو رہے ہیں۔ موسمیاتی تبدیلیوں میں اضافے کے ساتھ، یہ علم رکھنا کہ کون سے علاقے سیلاب اور نقصان کے زیادہ خطرات سے دوچار ہیں، ہمیں مستقبل میں پیش آنے والی ہنگامی صورتحال میں تیار رہنے اور ردعمل دینے میں مدد دے گا اور یہ ہنگامی صورتحال کے لیے تیاری کے شعبے میں اس حکومت کی سرمایہ کاریوں کی بناء پر ہے۔ میں اس مطالعے کے اجراء پر گورنر Hochul کا شکر گزار ہوں جو کہ آنے والے برسوں میں نیو یارک شہر کو بچانے میں مدد دے گا۔"

**سافک کاؤنٹی کے ایگزیکٹو Steve Bellone نے کہا کہ،** "ایک جزیرہ ہونے کے ناطے پانی ہمارے طرزِ زندگی کے لیے انتہائی اہم ہے اور موسموں میں شدت کی صورت میں موجود اس نئی اور سنگین ہوتی حقیقت کی موجودگی میں، ہمیں یہ اطمینان نہیں رکھنا چاہیئے کہ طوفانوں سے نمٹنے کے پرانے طریقے کافی ہیں۔ لانگ آئی لینڈ کے باسیوں کے تحفظ اور کسی دوسرے خطرناک طوفان کے لیے تیاریوں میں اگر مگر کے بجائے ہمیشہ تیار رہنے کو یقینی بنانے کے لیے کوششوں کے تسلسل پر میں گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرنا چاہوں گا۔"

**نساؤ کاؤنٹی کے ایگزیکٹو Bruce Blakeman نے کہا کہ،** "نساؤ کاؤنٹی یہ یقینی بنانے کے لیے گورنر Hochul کے ساتھ مل کر کام کر رہی ہے کہ ہم سمندری طوفان، برفانی طوفان اور عوامی تحفظ کو لاحق دیگر ممکنہ خطرات سمیت ہر قسم کی ہنگامی صورتحال کے لیے تیار ہیں۔"

**ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی کے ایگزیکٹو George Latimer نے کہا کہ،** "جیسا کہ ہم آنے والے سمندری طوفان کے موسم کے لیے تیاریاں کر رہے ہیں، ایسے میں ہمیں اپنی کمیونٹیز کو محفوظ رکھنے کے لیے ہوشیار اور اپنی

کوششوں میں فعال رہنا ہو گا۔ سمندری طوفان میں انخلاء کا یہ نیا مطالعہ ہمیں وہ اہم معلومات اور وسائل مہیا کرے گا جو ہمیں کسی بھی تباہ کن طوفان کی صورت میں اپنے ردعمل اور منصوبہ بندی کی کوششوں کو بہتر بنانے کے لیے درکار ہیں۔ ہم ویسٹ چیسٹر کے تمام رہائشیوں کے سنگین موسم کے اثرات سے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے پُرعزم ہیں اور ہم ریاست کا ان تھک کارروائیوں پر شکریہ ادا کرتے ہیں۔"

**ہوم لینڈ سیکیورٹی اینڈ ایمرجنسی سروسز کے ریاست نیویارک ڈویژن کے بارے میں**
ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ہنگامی خدمات دہشت گردی، قدرتی آفات، خطرات، آتش زدگی اور دیگر ہنگامی واقعات کی روک تھام، ان کے خلاف تحفظ، ان کے لیے تیاری، ان پر ردعمل دینے، اور ان سے بحالی کے لیے قیادت، نظم اور معاونت فراہم کرتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے Facebook پیج ملاحظہ کریں، Twitter پر NYSDHSES@ کو فالو کریں، یا dhses.ny.gov ملاحظہ کریں۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں